Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

{جلد ۶۹} مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۶ صفر ۱۳۵۶ھ مطابق ۸ مئی ۱۹۳۷ء

حصہ اوّل

احکام جلالتِ ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	انتظام بسلسلہ روانگی اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بمقام مسوری	۳
(۲)	منظوری رپورٹ نظام سماعت مقدمات ہائی کورٹ	۳ و ۴
(۳)	تبدیلی تاریخ سفر مسوری اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم (۱۰ مئی بجائے ۱۶ مئی ۱۹۳۷ء)	۴

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:-　　واقع ۳ مئی ۱۹۳۶ء

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

مابدولت واقبال ۷ مئی ۱۹۳۶ء کو نہضت فرمائے سوری ہوں گے۔ ہماری غیر موجودگی میں حسب ذیل انتظامات منظور کئے جاتے ہیں:-

(۱) اجلاس ہمایوں کے کاغذات ہر تیسرے روز مابدولت واقبال کے ملاحظہ میں سوری جائینگے ضروری کاغذات ہمروزہ بھیجے جائیں۔

(۲) اگر اس زمانہ میں کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو بذریعہ ٹیلیفون یا تار حکم حاصل کیا جائے

(۳) صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ صاحب انچارج پرائیویٹ سکریٹری بہادر۔ اور چونکہ مابدولت واقبال کا مزاج ناساز ہے۔ صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر بھی ہمارے ہمرکاب سوری جائیں گے۔ جنابا ملٹری سکریٹری بہادر و جنابا انچارج پرائیویٹ سکریٹری بہادر کے کاغذات سوری جائیں گے۔ ضروری کاغذات پر عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر سے حکم حاصل کیا جائے۔ صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کے معمولی کاغذات پر ڈاکٹر ظریف حسین دستخط کریں گے۔ غیر معمولی کاغذات سوری بھیجے جائیں۔

(۴) عالی مرتبت مسٹر محمد عبدالرؤف صاحب بہادر شبانہ روز قلعہ میں رہیں گے۔ قلعہ اور ڈیوڑھیات کے متعلق ان سے حکم حاصل کیا جائے

(۵) صیغہ اوقات کا تفصیلی بجٹ اور صیغہ فوج کا سپلیمنٹری بجٹ ۱۰ مئی ۱۹۳۶ء کو پیش کردیا گیا ہے اب ۲۲ مئی ۱۹۳۶ء کو عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر و عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر سوری میں حاضر ہو کر پیش کریں۔ عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر سوری میں موجود ہوں گے۔ عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ چونکہ قلعہ میں رہیں گے۔ اس لئے ان کے سوری حاضر ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یک نقل درج گزٹ کیجائے

حکم

واقع ۳ مئی ۱۹۳۶ء

بصراحت رپورٹ نظام سماعت مقدمات عدالت عالیہ ہمروزہ ۱۸ [illegible] کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض　　میر سامان

جناب عالی:

بسلسلہ منظوری رخصت رعایتی دو ماہ عالیمرتبت مسٹر [illegible] صاحب چیف جسٹس بہادر پیشگاہ ہمایوں سے حکم ہوا تھا کہ

ت مقدمات کے سلسلہ میں نظام ہائی کورٹ
متعلق رپورٹ پیش کیجائے - بتعمیل حکم ہمایوں
ی خواہ کی تجویز حسب ذیل ہے

(۱) بزمانہ رخصت رعایتی عالیجناب صاحب
چیف جسٹس بہادر - ہائی کورٹ دو ججان
عالی مرتبت مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خانصاحب
بہادر و عالیمرتبت جسٹس مولوی محمود شاہ خاں
صاحب بہادر پر مشتمل ہوگا اور سماعت مقدمات
کا نظام بصراحت تحت رہے گا

(الف) ابتدائی مقدمات کی سماعت عالیمرتبت
جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر
پیونی جج کریں گے - جن کے احکام
یا تجاویز کی اپیل عالیمرتبت
جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر
قائم مقام چیف جسٹس کے اجلاس
میں ہوگی - باستثناء ان مقدمات
کے جن کا تعین دعوے پچیس ہزار
سے زائد ہو - یا جن میں ہائیکورٹ
نے سزائے موت کا حکم سنایا ہو -
مذکورہ دونوں صورتوں میں
ہائی کورٹ کے پیونی جج کی تجاویز
کی اپیل براہ راست جوڈیشل کمیٹی
میں سماعت ہوگی -

(ب) مرافعہ ہائی کورٹ میں اپیل ہائے
اول پیونی جج کے اجلاس میں
طے پائیں گے - ان کے فیصلہ کی
آخری اپیل قائم مقام چیف جسٹس کے
اجلاس میں ہوگی - مگر وہ مجاز ہونگے
کہ باختیار خود یا پیونی جج کے استصواب
پر کسی اپیل اول کو ایک خاص بنچ
کے سپرد کر دیں جس کے ممبر ہر دو
ججان ہائی کورٹ ہوں گے -
اس بنچ کا فیصلہ ہر دو ممبران کا
متفقہ ہو وہ قطعی متصور ہوگا -
بصورت اختلاف رائے
اس عدالت کا فیصلہ بحال رہیگا
جس کے خلاف اپیل یا دادرسی
کی گئی ہو -

(۲) اس سلسلہ میں ترقی خواہ عرض پرداز ہے کہ زمانہ
رخصت میں عالیمرتبت مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں
صاحب بہادر کو ۱/۴ الاؤنس کارگزاری دیوٹر
الاؤنس چالیس روپیہ ماہانہ بھی قابل عطا ہے -
لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے
حکم منظوری نظام سماعت مقدمات و ہر دو
الاؤنس شرف نفاذ پائے - زیادہ حد ادب -
دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ یکم مئی ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک
نقل درج گزٹ ہو - اصل کاغذات بعد اجرائے احکام
اطلاعاً بوجہ تعلق الاؤنس براہ ملاحظہ اسٹیٹ کونسل
صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں بھیج جائیں

۲ رمئی ۱۹۳۶ء (دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- مورخہ ۷ رمئی ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم بحکم
سفر مسوری کے متعلق ۳ رمئی ۱۹۳۶ء کو روبکار جاری
ہوا ہے۔ جس میں تاریخ روانگی ۱۲ رمئی مقرر کی گئی ہے
مابدولت واقبال کا مزاج ناساز ہے اور موسم
زیادہ گرم ہوگیا ہے۔ لہذا تاریخ روانگی مسوری ۱۰ رمئی
مقرر کی جاتی ہے۔ بقیہ انتظامات حسب روبکار مصدرہ
۳ رمئی بدستور رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔